فوری ریلیز کے لیے: 2023/20/7 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے ریاست نیویارک میں چھت پر نصب سب سے بڑے شمسی پروجیکٹ کی تکمیل کا اعلان کر دیا

یہ اورنج کاؤنٹی میں واقع Medline Industries کی چھت پر لگایا گیا ہے، جو ملک میں طبی مصنوعات کا سب سے بڑا نجی طور پر قائم شدہ مینوفیکچرر اور ڈسٹری بیوٹر ہے

7.2 میگاواٹ کا کمیونٹی سولر پروجیکٹ اس کمپنی اور وسطی ہڈسن ریجن کے رہائشیوں کے لئے توانائی کے اخراجات کم کرنے میں مدد کر رہا ہے

یہ سنہ 2025 تک چھ گیگا واٹس کا شمسی توانائی پلانٹ نصب کرنے کے لئے نیو یارک کے آب و ہوا ایکٹ کے ہدف کی حمایت کر رہا ہے اور 2030 تک دس گیگا واسٹ کی جانب پیشرفت میں بھی تیزی لا رہا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیویارک میں چھت پر نصب سب سے بڑے سولر پروجیکٹ کی تکمیل کا اعلان کیا۔ اورنج کاؤنٹی میں واقع طبی مصنوعات کے ملک میں سب سے بڑے نجی مینوفیکچرر اور ڈسٹری بیوٹر Medline Industries کی ڈسٹری بیوشن سینٹر کی عمارت کی چھت پر نصب کردہ 7.2 میگاواٹس کا کمیونٹی سولر پروجیکٹ اس کمپنی اور مڈ-ہڈسن خطے کے رہائشیوں دونوں کے لئے توانائی کے اخراجات کم کرنے میں مدد کر رہا ہے۔ آج کا یہ اعلان نیویارک کے کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے 2025 تک چھ گیگا واٹس کی تقسیم شدہ شمسی توانائی کے پلانٹ نصب کرنے کے ہدف کی حمایت کرتا ہے اور 2030 تک دس گیگا واٹس کی طرف پیش رفت کو تیز کرتا ہے۔

"نیویارک قابل تجدید توانائی کی کوششوں میں تیز رفتار پیشرفت کے ذریعے دیگر ریاستوں کے لئے ایک مثال بنا ہوا ہے، اور صاف، سستی شمسی توانائی کے لئے ہمارا عزم صفر اخراج والے بجلی گرڈ کی کامیابی سے تعمیر میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس منصوبے کی تکمیل Empire State میں ایک اور اہم سنگ میل کی علامت ہے اور کمیونٹی پر مرکوز منصوبوں میں نجی سرمایہ کاری کے کامیاب رجحان کی عکاسی کرتی ہے جو اب ہماری صاف توانائی کی جانب منتقلی والے عزم کا مرکزی نکتہ نگاہ ہے۔"

17,000 سے زائد پینلز پر مشتمل یہ کمیونٹی سولر پراجیکٹ 26 مئی 2023 کو مکمل ہوا اور سالانہ 8.5 ملین کلو واٹ گھنٹے (kWh) جتنی صاف بجلی پیدا کر رہا ہے جو 1,600 سے زائد گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لیے کافی ہے جبکہ اس سے کاربن کے اخراج میں سالانہ تقریباً 6,000 میٹرک ٹن کی کمی ہو رہی ہے، جو کہ 1200 سے زائد کاروں کو سڑک سے ہٹانے کے برابر ہے۔ مونٹگمری شہر میں واقع 8$ ملین ڈالر سے زائد کا یہ منصوبہ اس کے ڈویلپر PowerFlex کی جانب سے تقریباً 5$ ملین ڈالر کی نجی سرمایہ کاری سے تعمیر کیا گیا تھا - جو تجارتی صارفین کے لئے شمسی، اسٹوریج اور الیکٹرک وہیکل (EV) چارجنگ کے حل فراہم کرنے والا ملکی کاروبار ہے اور اب Medline Industries کی ملکیت ہے۔ نیو یارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (NYSERDA) نے NY-Sun کے ذریعے پروجیکٹ سپورٹ میں 3$ ملین ڈالر سے زیادہ کی امداد فراہم کی، جو ریاست کا ایک شاندار اقدام ہے اور جس کا مقصد اخراجات کم کرتے ہوئے شمسی توانائی کو گھروں، کاروباری اداروں اور برادریوں کے لئے زیادہ قابل رسائی بنانا ہے۔

NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen Harris نے کہا، "گورنر Hochul کی قیادت میں نیو یارک ملک کی سب سے بڑی کمیونٹی شمسی مارکیٹ ہے - اور اس سے نئی اسٹریٹجک نجی-پبلک پارٹنرشپ کو راغب کرنے کے لئے ہمیں گھروں اور کاروباروں کو چلانے کے طریقے کو تبدیل کرنے میں مدد مل رہی ہے۔ اس منصوبے کے لیے Medline Industries اور Powerflex کا مشترکہ وژن اور عزم دیگر کمرشل پراپرٹیز کے لیے ایک ماڈل کے طور پر کام کر رہا ہے، جو اسی طرح کے منصوبوں کی میزبانی کرنے پر غور کر رہے ہیں جن سے آس پاس کی کمیونٹی کے رہائشیوں کے لیے شمسی توانائی تک رسائی بھی بڑھے گی اور کاربن فٹ پرنٹ میں بھی کمی آئے گی۔"

Empire State Development کی صدر، سی ای او، اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "توانائی کے پائیدار ذرائع ان اہم عوامل میں سے ایک ہیں جو ہمیں ماحولیاتی طور پر باشعور معاشی ترقی کے شاندار مستقبل کی طرف لے جاتے ہیں۔ اس منصوبے کے ساتھ، ہم صاف توانائی میں سب سے آگے پہنچ گئے ہیں اور عملی طور پر بتا رہے ہیں کہ نجی اور کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کے مابین جرات مندانہ شراکت داری ریاست نیو یارک میں بے مثال کامیابی کا باعث بن رہی ہے۔"

PowerFlex کے سی ای او Raphael Declercq نے کہا، "اس پروجیکٹ کے ڈویلپر کی حیثیت سے ہمیں نیو یارک کے اس ریکارڈ توڑ چھت پر نصب کمیونٹی شمسی منصوبے کو حقیقت کا روپ دینے میں مدد کرنے پر بہت خوشی اور فخر ہے۔ PowerFlex کی گزشتہ برسوں کے دوران Medline کے ساتھ شراکت داری نے ملک بھر میں متعدد شمسی منصوبوں کی تنصیب کو ممکن بنایا ہے، اور ہم پائیداری کے لئے ان کے گہرے اور جاری عزم کے معترف ہیں۔"

Medline میں ESG کے نائب صدر Francesca Oliver نے کہا، "Medline گرین ٹیکنالوجیز میں سرمایہ کاری کرکے ماحولیاتی طور پر پائیدار کاروبار کی تعمیر کے اپنے عزم مصمم میں غیر متزلزل ہے۔ مونٹگمری میں واقع ہمارے ڈسٹری بیوشن سینٹر میں نیو یارک کے سب سے بڑے چھت پر نصب شدہ شمسی توانائی کے منصوبے سے ریاست میں صحت کی دیکھ بھال اسکے فراہم کنندگان اور ان کے مریضوں کے لئے زیادہ پائیدار بنانے والے ہمارے عزم مصمم کی منہ بولتی مثال ہے۔"

کمیونٹی سولر میں شمسی پینلز کی ایک بڑی رینج شامل ہے جو مکان مالکان اور کرایہ داروں کو اپنے گھروں پر پینل نصب کیے بغیر شمسی توانائی تک رسائی حاصل کرنے کی استعداد دیتی ہے۔ بجلی تو تب بھی ان کے باقاعدہ برقی فراہم کنندہ کے ذریعے ہی فراہم کی جاتی ہے اور اس کمیونٹی شمسی نظام سے پیدا ہونے والی اضافی بجلی براہ راست الیکٹرک گرڈ میں واپس چلی جاتی ہے اور ساتھ ہی صارفین کو ان کے بجلی کے بل پر کریڈٹس ملتے ہیں۔

Medline کا ڈسٹری بیوشن سینٹر جو اگست 2022 میں کھولا گیا تھا، اس میں 700 سے زیادہ افراد ملازم ہیں جو صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں مثلاً ہسپتالوں، نرسنگ ہومز، اور ایمبولیٹری سرجری مراکز کو مصنوعات اور آلات فراہم کرتے ہیں۔ یہ کارخانہ شمسی منصوبے سے پیدا ہونے والی صاف توانائی کا 40 فیصد استعمال کرے گا جس میں سے 60 فیصد ایسے تقریباً 600 رہائشیوں کے لئے دستیاب ہوگا جو سسٹم کو سبسکرائب کر سکتے ہیں اور، ایک اندازے کے مطابق، 10 فیصد ماہانہ بچت کے لئے اپنے بجلی کے بل پر کریڈٹس حاصل کر سکتے ہیں۔ 344 ملازمتیں برقرار رکھنے اور 266 نئی ملازمتیں پیدا کرنے کے عزم کے بدلے، Empire State Development نے Medline کو ایکسلسیئر جابز ٹیکس کریڈٹس کی مد میں $10 ملین تک ایوارڈ کیے۔

آج کا اعلان NY-Sun کے تحت نیو یارک کی کامیابیوں میں مزید پیشرفت کر رہا ہے اور اس کے ذریعے سنہ 2012 کے بعد سے ریاست بھر میں شمسی توانائی میں 3,000 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا، اس نے نجی سرمایہ کاری میں $7.4 بلین ڈالر سے زیادہ اس مد میں استعمال کیے، اور اس اقدام کے آغاز کے بعد سے شمسی توانائی کی لاگت میں 72 فیصد کی کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ اس وقت 4600 میگاواٹس سے زائد بجلی تقسیم شدہ شمسی توانائی آپریشن میں موجود ہے جس میں سے تقریباً 3500 میگاواٹس کے ترقیاتی کام تیزی سے اپنی تکمیل کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ 2022 میں، نیویارک پورے امریکہ میں سب سے بڑی کمیونٹی شمسی مارکیٹ بن چکا ہے اور اس نے پچھلے سال

ملک کی کمیونٹی شمسی صلاحیت کا تقریباً نصف حصہ فراہم کیا۔ پورے نیو یارک میں تقریباً 13,400 افراد شمسی توانائی سے متعلقہ نوکریوں میں مصروف ہیں۔

رکن اسمبلی Didi Barrett نے کہا، "شمسی توانائی کے پلانٹس کی چھتوں پر تنصیب نیویارک ریاست کے قابل تجدید توانائی کے اہداف تک پہنچنے میں کلیدی کردار ادا کرے گی، اور یہ امر NY-SUN جیسے پروگراموں کی وجہ سے ممکن بنا ہے کہ ہم نے پچھلے سال کے دوران چھتوں پر ہونے والی شمسی تنصیبات میں 49 فیصد کا اضافہ دیکھا ہے۔ یہ بہت اچھی خبر ہے کہ نیو یارک ریاست میں واقع Medline Industries کی چھت پر نصب کیا جانے والا سب سے بڑا شمسی توانائی کا منصوبہ یہاں وادی ہڈسن میں واقع ہے۔ میں اس جیسے اہم منصوبوں کے لئے جاری تعاون پر گورنر Kathy Hochul اور NYSERDA کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

نیو یارک سولر انرجی انڈسٹریز ایسوسی ایشن (NYSEIA) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Noah Ginsburg نے کہا، "7.2 میگاواٹس کا یہ چھت پر لگایا جانے والا کمیونٹی شمسی پروجیکٹ نیویارک کے مینوفیکچررز اور صنعتی کاروباروں کے لئے ایک ایسے موقع کو اجاگر کر رہا ہے کہ وہ شمسی توانائی کے ذریعے اپنے منافع بڑھائیں، اور ساتھ ہی نیو یارک کے شہریوں کو بجلی کے بلوں میں بچت بھی فراہم کریں اور ہمارے صاف توانائی کے پرعزم اہداف کی طرف پیش رفت کی بھی حمایت کریں۔ یہ پراجیکٹ نیو یارک کی ملک کی قیادت کرنے والی شمسی کمیونٹی اور NY-Sun پروگراموں کے ذریعہ فعال کیا گیا تھا جبکہ ہمارے اختراعی کاروباری رہنماؤں نے اس پر عملدرآمد کیا۔ نیو یارک سولر انرجی انڈسٹریز ایسوسی ایشن (NYSEIA) اس شاندار شمسی منصوبے کی تکمیل پر گورنر Hochul، NYSERDA، Medline Industries اور Powerflex کو مبارکباد پیش کرتی ہے۔"

کوئیلیشن فار کمیونٹی سولر ایکسیس نارتھ ایسٹ ریجنل کی ڈائریکٹرKate Daniel نے کہا، "ہمیں نیو یارک ریاست کے لئے اس تاریخی منصوبے کو حقیقت کا روپ دیے جانی کی خوشی منانے پر فخر ہے۔ یہ منصوبہ فخریہ طور پر مظاہرہ کر رہا ہے کہ کس طرح ہم صاف توانائی کی تنصیب کے لئے جگہ کو موثر طریقے سے استعمال کرکے اور عوامی بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے لئے نجی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھا کر کمیونٹی شمسی توانائی کی اس مکمل صلاحیت سے استفادہ کر سکتے ہیں جو کمیونٹی کو بجلی کی بامعنی بچت کی جانب لے جاتی ہے۔ نیو یارک کی پورے ملک کی قیادت کرنے والی کمیونٹی شمسی پالیسیاں اور مساوی توانائی کو آگے بڑھانے کا عزم اس طرح کے منصوبوں کو ممکن بنا رہا ہے۔ ہم گورنر Hochul، NYSERDA، اور پبلک سروس ڈپارٹمنٹ کو کمیونٹی سولر کے ذریعے مقامی شمسی توانائی کو نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے قابل رسائی بنانے کے لیے ان کی شب و روز محنت پر بہت سراہتے ہیں۔"

New York League of Conservation Voters کی صدر Julie Tighe نے کہا، " ہم اورنج کاؤنٹی میں چھت پر نصب کیے جانے والے اس شمسی توانائی منصوبے کی تکمیل کو دیکھ کر بہت خوش ہیں جس سے وسطی ہڈسن ریجن کے گھروں اور کاروباروں کے لئے 7.2 میگاواٹس صاف توانائی حاصل ہوگی۔ ریاست میں اپنی نوعیت کی سب سے بڑی تنصیب کے طور پر یہ منصوبہ نہ صرف بڑے پیمانے والا ہے بلکہ یہ گورنر Hochul کی شمسی توانائی کی ترقی کے لئے مسلسل کوششوں کا ایک منہ بولتا ثبوت بھی ہے، اور یہ منصوبہ زیادہ وسیع پیمانے پر یہ امر یقینی بنا رہا ہے کہ نیو یارک موسمیاتی اور آب و ہوا کی تبدیلیوں کے خلاف لڑائی میں ایک رہنما کی حیثیت رکھتا ہے۔"

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40 فیصد ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے دستیاب بنائی جائیں۔ ملک کے کچھ انتہائی جارحانہ موسمیاتی اور صاف توانائی کی پہل کاریوں کی رہنمائی میں، نیویارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر کے اخراج والے بجلی کے شعبے کو حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے، جس میں سنہ 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت میں کاربن سے چھٹکارا شامل ہے۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاری کرنا اس تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 120 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں $35

بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 1$ بلین سے زائد، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط کو بھی اپنایا ہے، بشمول سنہ 2035 تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیے۔ تقریباً 400 رجسٹر شدہ اور 100 سندیافتہ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف ستھری توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ اقدام کے ساتھ نیویارک کی ماحولیاتی کارروائی کو آگے بڑھانے کے لیے شراکت داریاں جاری ہیں تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں